# امتیازی سلوک یا ہراسانی کی شکایت

شکایت کنندہ (یا اس کا پیرنٹ) ایک یا زیادہ طلباء کے ساتھ امتیازی سلوک یا امتیازی ہراسانی کی شکایت کو رسمی شکل دے سکتا ہے، اس فارم کو براہ راست PWCS آفس آف کمپلائنس اینڈ اسٹوڈنٹ سپورٹ میں ڈائیورسٹی، ایکویٹی، انکلوژن اور کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ میں DEIC@pwcs.edu پر جمع کروا سکتا ہے یا سٹوڈنٹ کے پرنسپل یا کسی اور سکول کے منتظم کو، جو شکایت کی وصولی کو فوری طور پر تسلیم کرے گا اور اسے آفس آف کمپلائنس اینڈ اسٹوڈنٹ سپورٹ کو بھیجے گا۔ اگر شکایت میں ایک یا زیادہ طلباء کے ساتھ جنسی ہراسانی کا الزام ہے تو براہ کرم اس شکایت فارم کا استعمال نہ کریں؛ بلکہ، ضابطہ 738-1 کے منسلکہ I، "ٹائٹل IX جنسی ہراسانی کی رسمی شکایت" فارم استعمال کریں۔

کوئی بھی الزام جو امتیازی سلوک یا ہراسانی کے طور پر ہو، جیسا کہ ضابطہ 738-3، "طلباء کے خلاف امتیاز یا ہراسانی کے الزامات کا حل" میں بیان کیا گیا ہے، اسے ضابطہ 738-3 میں بیان کردہ طریقہ کار کے مطابق حل کیا جائے گا۔ ہر قسم کی غنڈہ گردی امتیازی سلوک یا ہراسانی نہیں ہوتی، کیونکہ امتیازی سلوک اور ہراسانی میں وہ بدسلوکی اور غنڈہ گردی شامل ہوتی ہے جو کسی فرد کے ایسی محفوظ حیثیت کی بنیاد پر ہو جو ریاستی اور وفاقی قانون کے تحت محفوظ ہے۔ سٹوڈنٹ کے خلاف بدسلوکی یا بدسلوکی کے رویے کا الزام جو ضابطہ 738-3 کے تحت امتیازی سلوک یا ہراسانی نہ ہو، PWCS کے "ضابطہ اخلاق" میں بیان کردہ تادیبی طریقہ کار کے تحت تحقیقات اور حل کیا جائے گا، اگر قابل اطلاق ہو۔ باضابطہ شکایت دائر کیے جانے کے وقت، شکایت کنندہ کا PWCS میں ملازم ہونا ضروری ہے یا وہ PWCS کے کسی تعلیمی پروگرام یا سرگرمی میں حصہ لے رہا ہو یا حصہ لینے کی کوشش کر رہا ہو۔

اگر آپ کو امتیازی سلوک یا ہراسانی کی شکایت کو رسمی شکل دینے کے طریقہ کار یا ایسی شکایات کی تحقیقات اور حل کے عمل کے بارے میں کوئی سوال ہوتو براہ کرم PWCS آفس آف کمپلائنس اینڈ اسٹوڈنٹ سپورٹ سے 571-374-6839 پر رابطہ کریں یا DEIC@pwcs.edu پر ای میل کریں۔

**حصّہ I: شکایت کنندہ**
(مبینہ بدسلوکی کا شکار)

نام: ______________________________

سٹوڈنٹ کا آئی ڈی نمبر (اگر قابل اطلاق ہے): ______________________________

پیرنٹ کا نام (اگر قابل اطلاق ہے): ______________________________

پیرنٹ کا ای-میل ایڈریس: ______________________________

پیرنٹ کا فون نمبر (گھر/موبائل اور کام): ________________________________________

سکول: ______________________________

PWCS سے رشتہ

- ☐ سٹوڈنٹ
- ☐ پیرنٹ
- ☐ PWCS کا ملازم

نوٹس کی وصولی کے لیے پتہ:
تحریری شکایت سے متعلق تمام نوٹسز اور رابطہ درج ذیل پتوں پر الیکٹرانک طور پر اور امریکی ڈاک کے ذریعے بھیجے جائیں گے۔

نام: ______________________________

ڈاک کا پتہ: ______________________________

ای-میل ایڈریس: ______________________________

**حصّہ II: جواب دہندہ**
(وہ فرد جس نے مبینہ طور پر بدسلوکی کی ہے۔)

نام: ______________________________

سکول یا ڈیپارٹمنٹ: ______________________________

PWCS سے رشتہ

- ☐ سٹوڈنٹ
- ☐ پیرنٹ
- ☐ PWCS کے ملازم
- ☐ دیگر: ______________________________

(اگر کوئی اضافی جواب دہندہ ہیں تو ہر ایک کو درج کرنے کے لیے ایک علیحدہ صفحہ لیں جس میں ہر جواب دہندہ کا سکول اور PWCS سے رشتہ درج ہو۔ اس فارم کے پچھلی طرف اور حاشیے میں مت لکھیں۔)

**حصہ III: مبینہ امتیازی سلوک یا ہراسانی**

(اگر مزید جگہ درکار ہے تو براہ مہربانی اضافی صفحات شامل کریں اور اس فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ اس فارم کے پچھلی طرف اور حاشیے میں مت لکھیں۔)

1. **نیچے دیے گئے باکس (باکسوں) کو چیک کریں جو مبینہ امتیازی سلوک یا ہراسانی کی بہترین وضاحت کرتا ہے۔**
   - ☐ نسل
   - ☐ رنگ
   - ☐ مذہب
   - ☐ قومیت
   - ☐ جنسی ہراسانی [1]

[1] اگر شکایت میں ایک یا زیادہ طلباء کے ساتھ جنسی ہراسانی کا الزام ہے تو براہ کرم اس رپورٹس فارم کا استعمال نہ کریں؛ بلکہ، ضابطہ 738-1 کے منسلکہ I، "ٹائٹل IX جنسی ہراسانی کی رسمی شکایت" فارم استعمال کریں۔

☐ جنسی شناخت [1]
☐ جنسی رجحان [1]
☐ حمل، زچگی، یا متعلقہ طبی حالات
☐ عمر
☐ معذوری
☐ دیگر: ______________________________

2. **مبینہ امتیازی سلوک یا ہراسانی خاص طور پر، کہاں پیش آئی؟**

| |
|---|
| |

3. **مبینہ امتیازی سلوک یا ہراسانی کب ہوئی؟** (اگر ممکن ہو تو مخصوص تاریخ (تاریخیں) اور وقت فراہم کریں؛ ورنہ وقت کی حد فراہم کریں۔)

| |
|---|
| |

4. **مبینہ واقعہ (واقعات) کی تفصیل بیان کریں، جتنا ممکن ہو تفصیل فراہم کریں۔**

| |
|---|
| |

**رازداری**

حتیٰ الامکان، شکایت اور/یا امتیازی سلوک یا ہراسانی کی تحقیقات سے متعلق معلومات کو خفیہ رکھا جائے گا، سوائے اُن حالات کے جہاں مکمل اور منصفانہ تحقیقات کرنے کے لیے ضروری ہو؛ مدعا علیہ کو اپنا دفاع کرنے کا موقع دینے کے لیے؛ مناسب عبوری اقدامات اور اصلاحی کاروائی نافذ کرنے کے لیے؛ کسی سمن، عدالتی حکم یا حکومتی انکوائری کا جواب دینے کے لیے؛ یا شکایت میں عائد الزامات کے نتیجے میں PWCS یا اس کے ملازمین کا کسی قانونی کاروائی یا انتظامی شکایت میں دفاع کرنے کے لیے۔

جب شکایت کنندہ PWCS کو امتیازی سلوک یا امتیازی سلوک والے ہراسانی کے شبہ کی رپورٹ کرتا ہے لیکن رازداری کی درخواست کرتا ہے، ایسی درخواست تفتیش کرنے اور ضروری اصلاحی کاروائی کرنے کی صلاحیت کو محدود کر سکتی ہے۔ جب کوئی شکایت کنندہ درخواست کرتا ہے کہ PWCS اس طرح کی بدسلوکی کی تحقیقات نہ کرے، تو PWCS اس بات کا تعین کرے گا کہ آیا وہ قابل اطلاق قوانین کے مطابق ایسی درخواست کا احترام کر سکتا ہے یا نہیں۔ ایسی صورتحال میں، PWCS تعین کرے گا کہ اس کی تحقیقات ہونی چاہیے یا قانون نافذ کرنے والے ادارے کو رپورٹ کی جانی چاہیے، یا دونوں۔

**جھوٹے بیانات ممنوع ہیں**

PWCS کا کوئی سٹوڈنٹ یا ملازمہ جو جان بوجھ کر غلط رپورٹ یا تحریری شکایت کرتا ہے، یا جو جان بوجھ کر غلط بیان دیتا ہے، اس کے خلاف PWCS "ضابطۂ اخلاق"؛ یا ضابطہ 503-1 ، "تمام ملازمین کے لیے پیشہ ورانہ طرز عمل کے معیارات"؛ اور ضابطہ 572-1 ، "نظم و ضبط کے اقدامات" کے تحت تادیبی کاروائی کی جائے گی۔

**جوابی کاروائی اور/یا مداخلت ممنوع ہے**

PWCS کسی فرد کے خلاف انتقامی کاروائی کی سختی سے ممانعت کرتا ہے جو مبینہ امتیازی سلوک یا ہراسانی کی اطلاع دیتا ہے؛ یا جو امتیازی سلوک یا ہراسانی کی تحقیقات میں مدد کرتا ہے، اس میں حصہ لیتا ہے یا حصہ لینے سے انکار کرتا ہے۔ سٹوڈنٹ اور ملازمین تحقیقات میں مداخلت یا رکاوٹ نہیں ڈال سکتے اور نہ ہی کسی گواہ کی گواہی پر اثر ڈالنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ PWCS موقع کے لحاظ سے، PWCS "ضابطہ اخلاق" کے تحت؛ یا ضابطہ 503-1 کے تحت، "تمام ملازمین کے لیے پیشہ ورانہ طرز عمل کے معیارات،" اور ضابطہ 572-1، "انضباطی کاروائی" کے تحت ایسے سٹوڈنٹ یا ملازم کی طرف سے اس طرح کی بدتمیزی سے نمٹے گا۔

*اس دستاویز پر دستخط کر کے، میں تصدیق کرتا ہوں کہ اس فارم میں فراہم کردہ معلومات میری جانکاری کے مطابق مکمل اور درست ہیں۔*

نام: ________________________________

PWCS سے رشتہ

☐ سٹوڈنٹ
☐ پیرنٹ
☐ PWCS کے ملازم

دستخط: ________________________________

تاریخ: ________________________________

یہ شکایت فارم امریکی ڈاک، الیکٹرانک میل، فیکس یا ہاتھ سے ترسیل کے ذریعے پرنسپل کو جمع کرانا چاہیے۔